Digitized By eGangotri

رُباعیات

طالب علموں کی
عام واقفیت کے لئے

ایوب صابر

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar

Digitized By eGangotri

رُباعیات

طالب علموں کی
عام واقفیت کیلئے

ایوب صابرؔ
واز بل پٹن مرپورہ
پوسٹ بی کے پورہ-۱۵

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

جملہ حقوق محفوظ ہیں

نام کتاب : رُباعیاتِ ایوب صابر

شاعر : ایوب صابر

تعداد : ۶۰۰

سال اشاعت : ۲۰۰۷ء

کمپیوٹر کمپوزر : عبدالرشید وانی برنوار چاڈورہ

معرفت سرینگر کمپیوٹر غوثیہ کمپلیکس مہاراجہ بازار سرینگر

طباعت، جے کے آفسٹ پرنٹرس دہلی

قیمت ۲۰۰ روپے

اس کتاب کی طباعت کیلئے جموں وکشمیر کلچرل اکاڈمی سے مالی امداد حاصل کی گئی ہے۔

اس کتاب میں ظاہر کی گئی آراء سے کلچرل اکاڈمی کا بالواسطہ یا بلاواسطہ کوئی تعلق نہیں اور نہ اِس ضمن میں کلچرل اکاڈمی پر کوئی ذمہ دار عائد ہوگی۔

ایوب صابر

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

○

معرفتِ کا جام ہے میری کتاب
رُب کا اِک اِنعام ہے میری کتاب
مغفرت کر لے میرے مولا اُنہیں
بے کسوں کے نام ہے میری کتاب

ایوب صابرؔ

○

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

○

مِلا جو کچھ تیرے اِکرام سے ہی
کبھی سختی کبھی آرام سے ہی
بتانا بس مجھے ہے حال اپنا
بیاں کرتا ہوں تیرے نام سے ہی

○

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱

یہ کہنا ایک کرنا اور کچھ ہے
یہ سچائی پہ مرنا اور کچھ ہے
جہاں میں ظالموں سے دُور بھاگو
مگر مولا سے ڈرنا اور کچھ ہے

۲

یہ صبح و شام کچھ کرتے نہیں ہیں
یہ روشن نام کچھ کرتے نہیں ہیں
وہی جو بولتے ہیں حد سے زیادہ
وہ عملی کام کچھ کرتے نہیں ہیں

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳

اگر سمجھیں تُو من مانی نہ ہُوگی
کوئی بھی بات انجانی نہ ہُوگی
برابر زندگی میں ہر قدم پر
توّکل ہو، پریشانی نہ ہُوگی

۴

پہننے اُور سینے دُو خُدا را
پِیو بھی اُور پینے دُو خُدا را
سراسر بس یہی اِنسانیت ہے
جِیو تُم اور جینے دُو خُدا را

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۵

جہاں چلنے کا پروانے سے پوچھو
یہ دن ڈھلنے کا پروانے سے پوچھو
سراسر عشق کے عالم میں یارو
مزا جلنے کا پروانے سے پوچھو

٦

فضا میری گرجتی ہے جہاں میں
زمیں بعضے ترستی ہے جہاں میں
کہیں سے جب ہی منڈلاتے ہیں بادل
تبھی بارش برستی ہے جہاں میں

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۷

یہ رُوح بیدار ہو تو اپنی ماں کا
حسیں گُفتار ہو تو اپنی ماں کا
برابر ہے یہ سُونے پہ سُہاگہ
جہاں میں پیار ہو تو اپنی ماں کا

۸

جہاں میں اِک کرامت زندگی ہے
مکمّل اِک دیانت زندگی ہے
بہر صوُرت اگر انجام دیکھیں
خدا کی ہی امانت زندگی ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۹

یہاں جو تھے تو وہ چہرے نہیں ہیں
وہاں جو تھے تو وہ چہرے نہیں ہیں
نئے اُبھرے بہت سارے ہیں لیکن
عیاں جو تھے تو وہ چہرے نہیں ہیں

۱۰

عجب یہ فن تو ہیں اپنے ہی سارے
یہ مردُ و زن تو ہیں اپنے ہی سارے
پرائے بے بہا ہیں دوست یارو
مگر دُشمن تو ہیں اپنے ہی سارے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۱

بڑھائی میں تیری عظمت عجب ہے
تیری شہرت تیری قدُرت عجب ہے
نہ کوئی باپ نا بیٹا نہ بھائی
میرے مولا تیری وحدت عجب ہے

۱۲

عجب طائر تو وہ کشمیر کا ہے
فنی ماہر تو وہ کشمیر کا ہے
غنیؔ لکھتا گیا یوں فارسی میں
مگر شاعر تو وہ کشمیر کا ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۳

خیالوں میں فقط یہ من ہی من ہے
نہ ہی دولت ضرورت نا ہی دھن ہے
بڑھاپا اور بچپن بھول کے بس
جوانی عالمِ دیوانہ پن ہے

۱۴

یہ بچپن میں جہاں ایجاد کرنا
جوانی کے یہ دن برباد کرنا
عجب سی ہے بنی آدم کی فِطرت
بڑھاپے میں خدا کو یادِ کرنا

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۵

لِکھائی نیستی میں ہے بشر کی
پڑھائی نیستی میں ہے بشر کی
ذرا سُن لو عرض میری تو یوں ہے
بڑھائی نیستی میں ہے بشر کی

۱۶

زباں سے یہ بیاں کرتی نہیں ہے
یہ وہمُ و خوف سے مرتی نہیں ہے
یہ سب تو شیر سے ڈرتے ہیں لیکن
جواں اِک شیرنی ڈرتی نہیں ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۷

یہ صبحؐ و شام ہوُ شیریں بیانی
رواں پیغام ہوُ شیریں بیانی
ذرا سُن لو دُعا میری یہی ہے
خدایا عام ہوُ شیریں بیانی

۱۸

جہاں روشن، اندھیرا کچھ نہیں ہے
وہاں دعویٰ بھی تیرا کچھ نہیں ہے
یہاں جو کچھ بھی ہے میرا ہی جانو
مگر آخر پہ میرا کچھ نہیں ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۹

زمانہ ہو مگر ہو صاف ستھرا
بہانہ ہو مگر ہو صاف ستھرا
بدن پر جو بھی ہو کپڑا سجے گا
پُرانا ہو مگر ہو صاف ستھرا

۲۰

اگر اِتنا بھی ہو زیادہ نہیں ہے
بھلا کِتنا بھی ہو زیادہ نہیں ہے
پریشانی ہے ذر زیور جہاں میں
علم جتنا بھی ہو زیادہ نہیں ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۱

اُٹھاتے ہیں یہاں اعمال اپنے
گِراتے ہیں یہاں اعمال اپنے
بشر کو غم کے دریا میں ڈبو کر
بچاتے ہیں یہاں اعمال اپنے

۲۲

رواں ہوتی ہے سچائی بِالآخر
بیاں ہوتی ہے سچائی بِالآخر
زمانے میں ہی مِٹ جاتا ہے باطل
عیاں ہوتی ہے سچائی بِالآخر

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۹

زمانہ ہو مگر ہو صاف ستھرا
بہانہ ہو مگر ہو صاف ستھرا
بدن پر جو بھی ہو کپڑا سجے گا
پُرانا ہو مگر ہو صاف ستھرا

۲۰

اگر اِتنا بھی ہو زیادہ نہیں ہے
بھلا کِتنا بھی ہو زیادہ نہیں ہے
پریشانی ہے ذر زیور جہاں میں
علم جتنا بھی ہو زیادہ نہیں ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۱

اُٹھاتے ہیں یہاں اعمال اپنے
گِراتے ہیں یہاں اعمال اپنے
بشر کو غم کے دریا میں ڈبو کر
بچاتے ہیں یہاں اعمال اپنے

۲۲

رواں ہوتی ہے سچائی بِالآخر
بیاں ہوتی ہے سچائی بِالآخر
زمانے میں ہی مِٹ جاتا ہے باطل
عیاں ہوتی ہے سچائی بِالآخر

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۳

بُلانے میں تو ہے اپنی بڑھائی
پِلانے میں تو ہے اپنی بڑھائی
عرض یوں ہے کوئی کھائے نہ کھائے
کِھلانے میں تو ہے اپنی بڑھائی

۲۴

صداقت ہو تو دِل ہے شاد اپنا
دِیانت ہو تو دِل ہے شاد اپنا
فصاحت یہ بلاغت یہ شُجاعت
نزاکت ہو تو دِل ہے شاد اپنا

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۵

روانی ہو تو کوئی غم نہیں ہے
کہانی ہو تو کوئی غم نہیں ہے
جواں اِس عشق کے عالم میں ہر دم
جوانی ہو تو کوئی غم نہیں ہے

۲۶

بشر جو راہ پر آئے گا آخر
بھلا انجام وہ. پائے گا آخر
میرے کہنے کا مطلب ایک ہے بس
کمائے جو وہی کھائے گا آخر

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۷

کہاں اُس نے اُدھر سے ہے اِدھر تک
کہو تم بھی کدِھر سے ہے کدِھر تک
نظر جاتی ہے بس اتنی ہی میری
جہاں میرا اِدھر سے ہے اُدھر تک

۲۸

سُنو اِک بات یہ لُوری نہیں ہے
ہمیں کرنی کوئی چُوری نہیں ہے
ملِے جو کچھ تو مت ڈالو اِسی میں
یہ معدہ ہے کوئی بُوری نہیں ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۹

اگر مانیں تو من مانی نہ ہوگی
کوئی بھی بات انجانی نہ ہوگی
اُسی مولا پہ جب ہوگا توکّل
تو پھر کوئی پریشانی نہ ہوگی

۳۰

بڑھائی شانؔ عظمت سے ہے قائم
کوئی کہتا ہے شہرت سے ہے قائم
وہ دُنیا ہے فقیرانہ مزاجی
یہ دُنیا مال دولت سے ہے قائم

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۱

گھرانا ہے یہ داناؤں کی دُنیا
بہانہ ہے یہ داناؤں کی دُنیا
سُنے کوئی تو ہے لمبی کہانی
فسانہ ہے یہ داناؤں کی دُنیا

۳۲

یہ ماضی حال تو جانے خدا ہی
کسی کی چال تو جانے خدا ہی
بُرا کوئی بھلا ہے کون آخر
دِلوں کا حال تو جانے خدا ہی

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۳

بھگاتا ہے بساتا بھی یہی ہے
غذا میری پکاتا بھی یہی ہے
ذہن میں آگ کی جو بات آئی
جلاتا ہے بچاتا بھی یہی ہے

۳۴

سمجھتے ہیں عجب یہ چال فوراً
بدلتے ہیں یہ ماضی حال فوراً
بشر کو چھوڑتا ہے جب ہی دُنیا
زمیں کرتی ہے اِستقبال فوراً

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۵

ذرا ہو صاف من سمجھو بہت ہے
ملے دوگز کفن سمجھو بہت ہے
یہ میّت فِی سبیلِ اللّٰہ جہاں میں
کوئی کرلے دفن سمجھو بہت ہے

۳۶

گِنو دو تین بعضے نو ۹ برابر
وزن مقدار میں اِک جو برابر
زمیں کو ایک ہی دانہ اگر دُو
تو بدلے میں یہ دیگی سو ۱۰۰ برابر

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۷

کہے کوئی کہ ہم کب سوچ لیں گے
ضرورت جب پڑے تب سوچ لیں گے
ہُوا رخصت ہُوا جو دورِ ماضی
چلوُ آگے کا ہی اب سوچ لیں گے

۳۸

تیری عظمت میں عظمت ہے بلاشک
تیری وحدت میں وحدت ہے بلاشک
میرے مولا جہاں میں لامکان میں
تیری قدرت میں قدرت ہے بِلا شک

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۹

بلُند اُن کو ہساروں کا یہ عالم
گرجتے آبشاروں کا یہ عالم
چمن میں یہ سماء جنّت ہی جنّت
بہاروں میں نظاروں کا یہ عالم

۴۰

عِلم سے جو وفا کرتے تھے اکثر
کتابوں میں پڑھا کرتے تھے اکثر
سیاہ تختی پہ ایرانی قلم سے
سکولوں میں لِکھا کرتے تھے اکثر

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۴۱

غلط لگ بھگ کبھی کرتی نہیں ہے
عمل اچھّی ہو تب مرتی نہیں ہے
امیری نیند سے قاصرِ بچاری
غریبی چور سے ڈرتی نہیں ہے

۴۲

نہ ہوگا ہی یہاں مچھّر بچارہ
نہ ہوگا ہی وہاں مچھّر بچارہ
مچھردانی اگر اُوڑھیں گے سب ہی
تو جائے گا کہاں مچھّر بچارہ

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۴۳

فضاؤں میں سُہانی اپنی اپنی
جوانوں کی جوانی اپنی اپنی
مکمّل عشق کے عالم میں برپا
ہر اِک کی ہے کہانی اپنی اپنی

۴۴

چمک میں سنگِ مرمر کے برابر
ملےِ سب کو مقّدر کے برابر
جِگر ہوگا اگر مانندِ دریا
مگر دِل ہُو سمندر کے برابر

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۴۵

زباں تو کھول' یہ کہتے ہیں سارے
بجاتے ڈھول' یہ کہتے ہیں سارے
رہے محفلِ میں صابر شان تیری
سمجھ کر بول' یہ کہتے ہیں سارے

۴۶

عداوت، میں کسی سے کیا کروں گا
رفاقت' میں کسی سے کیا کروں گا
مکمل راہ نہ ہو معلوم جب تک
نصیحت' میں کسی سے کیا کروں گا

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۴۷

خرد سے کم ذرا شاید میں خود ہوں
اُٹھے ہیں سب گِرا شاید میں خود ہوں
یہ دشمن دوست رشتہ دار میرے
بھلے ہیں سب بُرا شاید میں خود ہوں

۴۸

کہاں ہے رُخ یہ حالاتوں کا دیکھیں
نظارہ چاندنی راتوں کا دیکھیں
رہیں گے عارضی خاموش پہلے
طرح معشوق کی باتوں کا دیکھیں

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۴۹

جہاں تصویر سے غائب ہے بِلکل
میری تقدیر سے غائب ہے بِلکل
وہ سیبِ امبریں شیرین معطّر
ہُوا کشمیر سے غائب ہے بِالکل

۵۰

علیلوں کی دوا بھی ہے یقیناً
مقوّی اِک غذا بھی ہے یقیناً
بڑی نعمت شہد جو یاد آیا
دُعا اِس میں شِفا بھی ہے یقیناً

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۵۱

خودی جو ہے کبھی جُھکتی نہیں ہے
اصولوں کو زرا بِکتی نہیں ہے
بنی آدم یہاں رُکتا ہے لیکن
زمانے کی گھڑی رُکتی نہیں ہے

۵۲

یہاں بے جا وہاں انمول کیا ہے
کہیں چپٹا کہیں یہ گول کیا ہے
بلُند اُس کوہِ ماراں سے تو دیکھو
میرے اس شہر کا ماحول کیا ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۵۳

مسّرت میں خوشی میں غم انوکھا
بہارِ عشق کا کالم انوکھا
دِلوں کی دھڑکنیں یہ آرِزوئیں
جوانوں کا ہے یہ عالم انوکھا

۵۴

بھلا ہُو دم بڑیگی بھوک خود ہی
نہ کوئی غم بڑیگی بھوک خود ہی
سُنو اب راز کی جو بات ہے یہ
غذا ہو کم بڑیگی بھوک خود ہی

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۵۵

سمندر کی گرانی ہی نہیں ہے
یہ دریا کی جوانی ہی نہیں ہے
چلوُ اب ٹل گیا بہنے کا خطرہ
روانی میں جو پانی ہی نہیں ہے

۵۶

جہاں پردہ اُٹھانا اور کچھ ہے
وہاں گونگھٹ گِرانا اور کچھ ہے
میرے معشوق واہ نظریں جُھکا کر
یہ تیرا مسکرانا اور کچھ ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۵۷

نِبھانا یہ زمانہ ہے ضروری
بھلا انجام پانا ہے ضروری
تدبّر کو سدا برسر اُٹھانا
تکبّر کو گِرانا ہے ضروری

۵۸

بہانہ ہو بسیں گے شوق سے ہم
زمانہ ہو بسیں گے شوق سے ہم
میرے مولا کہیں پہ اِس جہاں میں
ٹھِکانہ ہو بسیں گے شوق سے ہم

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۵۹

وہاں وہ کون تھا اُستاد پہلے
جہاں خود کو کِیا آباد پہلے
بنی آدم ہی تھا مجبور جس کو
زباں کرنی پڑی ایجاد پہلے

۶۰

بلُند ہر آن ہے پودوں کی اپنی
جہاں میں شان ہے پودوں کی اپنی
خزاں آتے ہی ڈرتے ہیں بچارے
پیاری جان ہے پودوں کی اپنی

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۶۱

بشر جو ہے تو خود آئیگا کیسے
بچارہ خود بخود جائیگا کیسے
کرے یوں ہی اگر غلطی نہ کوئی
ہَوا وہ جیل کی کھائیگا کیسے

۶۲

گزُر دَر دَر کا ہو تو غم نہیں ہے
سماء اِک گھر کا ہو تو غم نہیں ہے
محبّت دیرپا ہوگی یقیناً
صنم پتھر کا ہو تو غم نہیں ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۶۳

بلُند اُن کوہساروں میں رہیں گے
گرجتے آبشاروں میں رہیں گے
چلوُ پھر وادیِ کشمیر جاکر
نشاطُ و شالیماروں میں رہیں گے

۶۴

جہاں حاجت وہاں ایجاد بھی ہے
جہاں طالبِ وہاں اُستاد بھی ہے
حقیقت ِکیا ہے افسانوں میں دیکھو
جہاں ظالم وہاں فریاد بھی ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

٦۵

رہے نا آدمی غافلِ جہاں میں
نہ ہو پیدا کوئی جاہلِ جہاں میں
بِگڑ جاتی ہے جب نیّت بشر کی
قہر ہوتا ہے پِھر نازِل جہاں میں

٦٦

بجا اِحسان کی ہے اِک نِشانی
دیانت شان کی ہے اِک نِشانی
دریں دُنیا توکّل کے برابر
صبر ایمان کی ہے اِک نِشانی

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

٦٧

سِکھانے کو اگر اُستاد ہونگے
تو پھر دن رات یہ دِل شاد ہونگے
گھروں میں بھی وہاں رونق بڑے گی
میاں بیوی جہاں آباد ہونگے

٦٨

یہ ہے مجبور دِل، روتا کبھی ہے
بچارہ بے وقت سوتا کبھی ہے
میرے مولا تُجھی اب درگزُر کر
بشر جو ہوں سحو ہوتا کبھی ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

٦٩

بغاوت کا جنازہ ہی نکلتا
عداوت کا جنازہ ہی نکلتا
دیئے سے جب دیئے کو ہم جلاتے
جہالت کا جنازہ ہی نکلتا

۷۰

سُنو ہر ہر ادا ہر ایک کا ہے
وہ ناموں سے جدا ہر ایک کا ہے
درِندے ہوں چرندے یا پرندے
بہر صورت خدا ہر ایک کا ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

ا ے

جوانی کو دیوانی صاف سمجھو
روانی ہو تو پانی صاف سمجھو
الف تا یے سُنو بالکل برابر
یہاں ہر شے ہے فانی صاف سمجھو

۲ ے

چرندوں کا بھی اب حافظ خدا ہے
درندوں کا بھی اب حافظ خدا ہے
ہُوا جنگل کا جو ہر سو صفایا
پرندوں کا بھی اب حافظ خدا ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۷۳

گراں آدم پہ کوئی بار نہ ہو
کہیں دُنیا میری مِسمار نہ ہو
میرے مولا تو، فرما بادلوں سے
گرِے بارش مگر یکبار نہ ہو

۷۴

جہاں کردار کی عظمت عطا ہو
وہاں مولا کی اِک رحمت عطا ہو
مقدّر سے ہے روشن وہ علاقہ
جسے دودناگ کی زینت عطا ہو

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۷۵

یہ شہروں اُور یہ گاؤں کی دُنیا
عیاں روشن ہے یہ راہوں کی دُنیا
میرے کہنے کا اصلی غرض و غایت
علم سمجھو ہے داناؤں کی دُنیا

۷۶

وہ پائے جب تو تولے گا برابر
زبان اپنی وہ کھولے گا برابر
کسی گھر میں کوئی معصوم بچہّ
سُنے جو کچھ وہ بولے گا برابر

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۷۷

عجب سی کیفیت شرمندگی کی
بڑھاپے میں میری اِس بندگی کی
کہیں افسوس کے عالم میں جاکر
کہانی ہو تو میری زندگی کی

۷۸

کہا کس نے کہ اُس میں دم نہیں ہے
اگر تھوڑا ہی بخشے کم نہیں ہے
غموں میں مشکلوں میں اُلجھنوں میں
رحم مولا کا ہو تو غم نہیں ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۷۹

چمن میں شور و غُل جاری یہی ہے
گلو بُلبل پہ جو طاری یہی ہے
کِیا وعدہ اگر ہوگا برابر
تو پھر مانو وفاداری یہی ہے

۸۰

شمع روشن ہے پروانہ کہاں ہے
ہمیں دم آخری پانا کہاں ہے
وہی جانے کہ میں آیا کہاں سے
وہی جانے کہ اب جانا کہاں ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۸۱

ناہی کھڑکی ناہی در کا کِنارہ
ناہی کوئی عجب گھر کا کِنارہ
اگر ڈھونڈے کوئی پانا ہے مشکل
محبّت کے سمندر کا کِنارہ

۸۲

زمیں ہے گول تو پھر غم نہیں ہے
سمجھ انمول تو پھر غم نہیں ہے
ذرا صابرؔ بھیا تو سُن میری بھی
سدا سچ بول تو پھر غم نہیں ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۸۳

عمل کرنے میں تو ماہر نہیں ہوں
بلُند پایہ کا میں شاعر نہیں ہوں
فسانوں میں بیاں کرتا ہوں لیکن
مجھے شک ہے کہ میں صابرؔ نہیں ہوں

۸۴

دِلوں کی یہ بیتابی کاروائی
زمانے میں شبابی کاروائی
رُکاتی ہے کسی طوفان کو بھی
جوانوں کی جوابی کاروائی

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۸۵

صداقت ہے کہ مرنا ہے ضروری
سحو ہونے سے ڈرنا ہے ضروری
کہے کوئی اِدھر کا یا اُدھر کا
بھروسہ پھر بھی کرنا ہے ضروری

۸۶

جیۓ جتنے میں بس اُتنا ہے کافی
مرے جتنے میں بس اُتنا ہے کافی
بنی آدم پریشاں ہو تو کیونکر
بسے جتنے میں بس اُتنا ہے کافی

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۸۷

نہ ہی دِل سے یہ دولت سے غنی ہے
عجب یہ بات ماضی سے بنی ہے
سُنو فِطرت ہے اُن کی اپنی اپنی
جہالت کو عِلم سے دشمنی ہے

۸۸

رفع کرتا یہ جو مشکل ہے میرا
بجا لاتا بھی وقتاً دِل ہے میرا
زمانے کی خبر دیتا ہے فوراً
نیا اِک دوست موبائیل ہے میرا

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۸۹

چمن میں گُل مہکتے ہیں کہیں سے
یہ ارماں دِل کے سجتے ہیں کہیں سے
میرے جب یار کی ہوتی ہے آمد
سُہانے ڈھول بجتے ہیں کہیں سے

۹۰

بزرگوں میں کہیں ہستی بھی ہوگی
جوانوں میں سدا مستی بھی ہوگی
خدا کی ہے مہربانی بِلا شک
جہاں پانی وہاں بستی بھی ہوگی

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

٩١

نمک زیادہ اگر ڈالا نہ ہوگا
مصالوں سے پڑا پالا نہ ہوگا
مجھے کھانی ہے یہ جی بھر کے ساری
اگر کچھ دال میں کالا نہ ہوگا

٩٢

گلی کوچوں میں کھونا ہے ضروری
ہنسے گے لوگ رونا ہے ضروری
پہننا ہو اگر اِک سوٹ یارو
تو پہلے بوٹ ہونا ہے ضروری

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۹۳

عیاشی میں سدا غم پہ بھروسہ
کِیا کرتے ہیں آدم پہ بھروسہ
نہیں ہے دوستو بِلکل نہیں ہے
سیاست اور موسم پہ بھروسہ

۹۴

دیئے جو غم تو یہ دِل کیوں بنایا
میرا جینا ہی مشکل کیوں بنایا
میرے مولا توہی مجھ کو بتادے
اگر حق ہے تو باطل کیوں بنایا

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۹۵

یہ روشن دِن یہ راتیں ہیں ہزاروں
بڑی چھوٹی یہ ذاتیں ہیں ہزاروں
جہاں لفظِ وفا بس۔ ایک ہی ہے
وہاں دوکھے کی باتیں ہیں ہزاروں

۹۶

غلط بونا ہے گمراہی کا عالم
کبھی کھونا ہے گمراہی کا عالم
میرے مولا تجھے معلوم ہے یہ
بشر ہونا ہے گمراہی کا عالم

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۹۷

لگاتے پار وہ گھوڑے کہاں ہیں
برق رفتار وہ گھوڑے کہاں ہیں
میرے کشمیر میں گدّھے ہیں اب بھی
مگر رہدار وہ گھوڑے کہاں ہیں

۹۸

مرِے کوئی تو رونا ہے ضروی
جیئے کوئی تو سونا ہے ضروری
میرے کشمیر کی اِن سردیوں میں
فیرن کانگر کا ہونا ہے ضروری

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۹۹

صداقت ہو تو پھر دیری نہیں ہے
کہا کِس نے صنم تیری نہیں ہے
جواں جاہل سے کرتا ہوں گزارش
یہ جو دُنیا ہے کیا میری نہیں ہے

۱۰۰

بہاروں کی عجب دُنیا ہے میری
نظاروں کی عجب دُنیا ہے میری
کھلِے ہیں پھول سُوسن کے ہزاروں
مزاروں کی عجب دُنیا ہے میری

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۰۱

روانی بے بہا تحریر میں ہے
بیانی سے الگ تصویر میں ہے
مکمّل ڈاکٹر علم و ادب کا
یہاں اِک پربتی کشمیر میں ہے

۱۰۲

زباں جب ہو بیانی کیوں نہ ہوگی
بیاں جب ہو روانی کیوں نہ ہوگی
وہی رکھے اگر صحت و سلامت
ارے بچّو جوانی کیوں نہ ہوگی

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۰۳

بُلند اُن کوہساروں کی یہ زینت
عجب دِلکش نظاروں کی یہ زینت
چہکتے اِن پھُدکتے بُلبلوں سے
گلوں سے ہے بہاروں کی یہ زینت

۱۰۴

حقیقت جو کرے ظاہر یقیناً
وہی ہے بس فنی ماہر یقیناً
خیالی ہو بُلند پرواز جس کا
بُلند سمجھو وہ ہے شاعر یقیناً

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۰۵

شریعت ہو بحث کرنی ہی کیا ہے
طریقت ہو بحث کرنی ہی کیا ہے
اگر بیٹھو گے پھر بھی محفِلوں میں
حقیقت ہو بحث کرنی ہی کیا ہے

۱۰۶

دریچے سے کہو دادی کو اپنی
طریقے سے کہو دادی کو اپنی
بھیا شادی اگر کرنی ہے تم کو
سلیقے سے کہو دادی کو اپنی

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۰۷

پریشاں ہر گھڑی شک کی بیماری
مصائب کی کڑی شک کی بیماری
ایکسرے بھی ہے بے بس اِس ضمن میں
بڑی سی ہے بڑی شک کی بیماری

۱۰۸

ذہن میں بس ہُما بھی ہو شُما ہو
یہ ایرانی قلم جیسے گُماں ہو
عبادت سے تو ہوگا اِستفادہ
اگر اِملا بہت ہی خوشنما ہو

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۰۹

یہ لکّی ہو تو سمجھو مال فرِی ہے
خدا جانے یہ کیوں ہر سال فرِی ہے
گِنو ہر بات کا لینا ہے پیسہ
موبائیل میں صرف مِس کال فرِی ہے

۱۱۰

یہ مالِ مفت پانے کی مہارت
سدا دعوت پہ جانے کی مہارت
کھِلانے کی الگ ہے بات یارو
مجھے ہے خوب کھانے کی مہارت

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

١١١

شرافت میں بُردباری یہی ہے
کہاوتؔ جو سدا جاری یہی ہے
جہالت ہو تو بس خاموش رہنا
اگر مانو سمجھداری یہی ہے

١١٢

گلی کوچے میں مست کوئی نہ دیکھے
خدایا دست بدست کوئی نہ دیکھے
تھپڑ مارے اگر معشوق منّہ پر
دُعا میری ہے بس کوئی نہ دیکھے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۱۳

زمانہ ڈھونڈ کے رکھو سویرے
یہ تھانہ ڈھونڈ کے رکھو سویرے
اگر لڑنا جھگڑنا ہو کسی سے
بہانہ ڈھونڈ کے رکھو سویرے

۱۱۴

ستارہ ہے منّور اپنا اپنا
زمانہ ہے مقّرر اپنا اپنا
کسی کے دس[۱۰] کسی کے سو[۱۰۰] برابر
ہر اِک کا ہے مقدّر اپنا اپنا

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۱۵

شریفوں کو نہ ہووِے بھوُل کوئی
نہ ہی آنکھوں میں جھونکے دھوُل کوئی
گزُر جائے گا جب مارچ مہینہ
بنائے تب نہ اپریل پھوُل کوئی

۱۱۶

یہ آساں کام جو پورا کریگا
تو پھر صابؔر بھی دیکھو کیا کریگا
برابر ایک سو انعام لے لو
یہ دُم کُتّے کی جو سیدھا کریگا

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۱۷

دُکھوں میں مختلف ڈالا جہاں میں
ذہن سے پست، کوئی بالا جہاں میں
وہی مولا دِلوں کا حال جانے
کوئی گورا کوئی کالا جہاں میں

۱۱۸

سہانا گھر بنالیں گے ہمیشہ
جوانی کا مزا لیں گے ہمیشہ
سدا بچوّں کو دیں گے پیار اپنا
بزرگوں کی دعا لیں گے ہمیشہ

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

١١٩

سدا اِنعام کی باتیں جہاں میں
نہ ہی یہ نام کی باتیں جہاں میں
سُنو تم شوق سے حسبِ ضرورت
کرو تم کام کی باتیں جہاں میں

١٢٠

بھلائی ہو زمینؐ و آسماں میں
دُعا میری ہے یارو ہر زماں میں
رہے اِنسانیت کا بول بالا
مہربانی خدا کی ہو جہاں میں

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۲۱

بھلائی میں بڑی ہے۔ شان اُس کی
بڑھائی میں بڑی ہے شان اُس کی
یہ قدرت اور یہ وحدت مکمّل
خدائی میں بڑی ہے شان اُس کی

۱۲۲

بشر مجبور ہے الحمدُاللہ
عجب دستور ہے الحمدُاللہ
مہربانی ہے تو بھی دوجہاں میں
خدا کا نوٗر ہے الحمدُاللہ

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۲۳

کرے جو بھی عبادت اپنے رُب کی
اُسی نے دی شہادت اپنے رُب کی
اِطاعت جو کرے پیارے نبیؐ کی
اُسی نے کی اِطاعت اپنے رُب کی

۱۲۴

امانت دار جو مانے ہوئے ہیں
ضمانت دار جو مانے ہوئے ہیں
وہی فوقُ البشر ہیں ہر زماں میں
دِیانت دار جو مانے ہوئے ہیں

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۲۵

سدا وحدت کا یہ عنوان باقی
دریں دُنیا بڑا اِحسان باقی
برابر جو یہاں ہر شے ہے فانی
رہے گی بس اُسی کی شان باقی

۱۲۶

مِلا کب کا وہی تقدیر میں بھی
خدا میرا عیاں تفسیر میں بھی
ناہی گِننے کی ہے کوئی ضرورت
بظاہر ایک ہے کشمیر میں بھی

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۲۷

بڑی اِک ذات تو ذاتِ حسن ہے
شہادت اِک کراماتِ حسن ہے
دُعا مقبول جو ہوتا ہے فوراً
مبارک ساعت اِک ساعتِ حسن ہے

۱۲۸

کوئی جاگے تو زینت ہے اُسی کی
ناہی بھاگے تو زینت ہے اُسی کی
اگر منزل ہو بس مکّہ مدینہ
بڑھے آگے تو زینت ہے اُسی کی

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۲۹

ودیعت باطنی میری ہے دیکھو
بصُورت ظاہری میری ہے دیکھو
برابر سب یہ ہے طولُ و عرض میں
مربّع شاعری میری ہے دیکھو

۱۳۰

کبھی منہ موڑنا کچھ اور ہی ہے
کسی کو چھوڑ نا کچھ اور ہی ہے
سراسر توڑنا آتا ہے مجھ کو
مگر دِل جوڑنا کچھ اور ہی ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۳۱

کہیں کچھ سوچ میں، مشغُول پائے
جوں ہی دیکھے یہ غم ہم بھُول پائے
عجب یہ تھا نظارہ گُلستاں کا
جہاں کانٹے وہاں ہی پھُول پائے

۱۳۲

امیروں کی الگ ہے اپنی دنیا
غریبوں کی الگ ہے اپنی دُنیا
رہا مولا سے اپنے مِل کے رہنا
فقیروں کی الگ ہے اپنی دُنیا

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۳۳

کوئی دیکھے تو آتا تنگ نہیں ہے
امن کی بات ہے یہ جنگ نہیں ہے
سدا نظروں میں ہے رنگین دُنیا
مگر پانی کا کوئی رنگ نہیں ہے

۱۳۴

فلک پر طاق تو بس ایک ہی ہے
صحیح اِلحاق تو بس ایک ہی ہے
ہزاروں اُور لاکھوں کھانے والے
مگر رزّاق تو بس ایک ہی ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۳۵

زمیں جڑ سے اُکھڑتی جارہی ہے
کِناروں سے سکڑتی جارہی ہے
میرے مولا کہیں ڈل مر نہ جائے
مری حالت بگڑتی جارہی ہے

۱۳۶

.خدا جانے گماں کیا خاص ہوگا
نہ کوئی آس نا کچھ پاس ہوگا
جہاں میں، ہم نے جو جنگل گرائے
پہاڑوں کا. بھی ستیاناس ہوگا

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۳۷

ہے رحمت آسمانی اِس جہاں میں
سنُو میری زبانی اِس جہاں میں
نہ ٹانگیں ہیں نہ ہی ہیں پیر اِس کے
رواں پھر بھی ہے پانی اِس جہاں میں

۱۳۸

جزا مُرغے بچارے کی ہے ہوتی
سزا مُرغے بچارے کی ہے ہوتی
سُنو مہمان جب ہوتا ہے ظاہر
قضا مُرغے بچارے کی ہے ہوتی

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۳۹

کبھی روشن کبھی اندھیر بھی ہے
کبھی آنے میں کرتا دیر بھی ہے
چلو اب عشق کے عالم میں دیکھیں
یہ دِل ہے لومڑی یا شیر بھی ہے

۱۴۰

رقیبوں کا تو اِس کو ڈر نہیں ہے
بلند اُڑتا ہے یہ بے پر نہیں ہے
یہ جو چاہئے وہی کرتا ہے آخر
کسی کا بھی یہ دِل نوکر نہیں ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۴۱

کوئی راجا کوئی رانی نہ ہوتی
کما کر یہ غذا کھانی نہ ہوتی
نہ ہوتا ہی اگر یہ نفسِ ظالم
تو پھر کوئی پریشانی نہ ہوتی

۱۴۲

چلو محنت کا اپنی دام پاوَ
بڑھو آگے بڑا اِنعام پاوَ
نظر رکھو ہی مت اُوروں پہ ہرگز
ہو اپنا کام خود انجام پاوَ

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۳۹

کبھی روشن کبھی اندھیر بھی ہے
کبھی آنے میں کرتا دیر بھی ہے
چلو اب عشق کے عالم میں دیکھیں
یہ دِل ہے لومڑی یا شیر بھی ہے

۱۴۰

رقیبوں کا تو اِس کو ڈر نہیں ہے
بلند اُڑتا ہے یہ بے پر نہیں ہے
یہ جو چاہئے وہی کرتا ہے آخر
کسی کا بھی یہ دِل نوکر نہیں ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۴۱

کوئی راجا کوئی رانی نہ ہوتی
کما کر یہ غذا کھانی نہ ہوتی
نہ ہوتا ہی اگر یہ نفسِ ظالم
تو پھر کوئی پریشانی نہ ہوتی

۱۴۲

چلوؔ محنت کا اپنی دام پاؤ
بڑھو آگے بڑا اِنعام پاؤ
نظر رکھوؔ ہی مت اُوروں پہ ہرگز
ہو اپنا کام خود انجام پاؤ

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۴۳

خرد مند ہو تو کینہ چھوڑ دیگا
نشے میں رہ کے جینا چھوڑ دیگا
مصمّم ہو سدا جس کا اِرادہ
وہی سگریٹ پینا چھوڑ دیگا

۱۴۴

خدا جانے اُترتی کیوں نہیں ہے
مجھے گیلا یہ کرتی کیوں نہیں ہے
اگر چھاتا لیا ہو ساتھ میں نے
تو پھر بارش برستی کیوں نہیں ہے؟

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۴۵

بھلا کرلو بھلا اِنعام لے لو
محبّت سے سبھُوں کا نام لے لو
اگر چاہو کہ عزّت ہو برابر
تو پھر پردے سے تھوڑا کام لے لو

۱۴۶

وہاں دیوانہ بھی ہوگا یقیناً
بھرا پیمانہ بھی ہوگا یقیناً
جہاں ساقی ہو خود مستی میں بیٹھا
وہاں میخانہ بھی ہوگا یقیناً

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۴۷

دِئے شام و سحر توُ نے ہی مجھ کو
یہ رکھا بے خبر تو نے ہی مجھ کو
میرے سہوؐ و خطا برداشت کر اب
بنایا ہے بشر تو نے ہی مجھ کو

۱۴۸

بصیرت میں تو میرا ایک ہی ہے
حقیقت میں تو میرا ایک ہی ہے
بہت سارے ہیں رِشتے دار لیکن
مصیبت میں تو میرا ایک ہی ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۴۹

بہاروں میں کوئی غیبت نہیں ہے
نظاروں میں کوئی غیبت نہیں ہے
کبھی معشوق کا قصہِ سُنانا
اِشاروں میں کوئی غیبت نہیں ہے

۱۵۰

کہا کس نے کہ مجھ میں دم نہیں ہے
مجھے اِن موٹروں کا غم نہیں ہے
جہاں میں جیپ گاڑی ریل رِکشے
میری سائیکل بھی تو کچھ کم نہیں ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۵۱

میرا اللہ بس کافی ہے مجھ کو
وہی ہر درد کا شافی ہے مجھ کو
رہی قدرت تو یہ پہچاننے میں
بُزرگوں کی دُعا کافی ہے مجھ کو

۱۵۲

دکھاوٹ بے بہا فرضی بشر کی
جہاں میں باہوس مرضی بشر کی
خدا میرا بھی دِل سے شاد ہوتا
اگر ہوتی نہ خود غرضی بشر کی

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۵۳

ترّقی کا عیاں عنوان ہوگا
حصولِ عِلم بھی باشان ہوگا
سفر میں ساتھ ہو جب نیک کوئی
خدا پانا بھی پھر آسان ہوگا

۱۵۴

یہ اپنی شان دینی ہے ضروری
ذرا پہچان دینی ہے ضروری
یہ جنّت ہے اگر حاصل ہی کرنا
تو پہلے جان دینی ہے ضروری

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۵۵

طریقت ہُو بُزرگی بھی ہے قائم
بصیرت ہُو بُزرگی بھی ہے قائم
خرد سے کام لینا اِس جہاں میں
فضیلت ہُو بُزرگی بھی ہے قائم

۱۵۶

یہ جامِ جم بھی ہو پھر غم نہیں ہے
کسی کا غم بھی ہو پھر غم نہیں ہے
بہارِ عشق کے عالم میں اپنا
کوئی ہمدم بھی ہو پھر غم نہیں ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۵۷

کہئے جو کچھ زبانی، لِکھ کے رکھنا
بھلا شیریں بیانی لِکھ کے رکھنا
بڑھاپے میں پڑھو فرصت تو ہوگی
جوانی کی کہانی لِکھ کے رکھنا

۱۵۸

روّیے میں ملائِم ہے بُزرگی
خرد مندی میں دائِم ہے بُزرگی
مگر اِک راز اِس میں اور بھی ہے
فضیلت ہو تو قائِم ہے بُزرگی

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۵۹

کبھی گھونگھٹ گِرانا کچھ الگ ہے
یہ نازک دل لُبھانا کچھ الگ ہے
کہیں بروقت جو بھی ہنس پڑے گا
وہی اِک مُسکرانا کچھ الگ ہے

۱۶۰

کرم بے داد ہو تو غم نہیں ہے
بشر آباد ہو تو غم نہیں ہے
بصدقِ دل پڑھو الحمدُاللہ
یہ دل جب شاد ہو تو غم نہیں ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۶۱

حرم مانگو تو کچھ دیری نہیں ہے
صنم مانگو تو کچھ دیری نہیں ہے
ارے صابِر وہ جو اپنا خدا ہے
کرم مانگو تو کچھ دیری نہیں ہے

۱۶۲

کہانی بیچ میں لانی نہ ہوگی
کوئی تکلیف بھی جانی نہ ہوگی
فرق کرلیں اگر ہم نیک و بد کا
ذرا بھر پھر پریشانی نہ ہوگی

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۶۳

یہاں اندھیر ہے ہوشیار رہنا
کہیں کچھ پھیر ہے ہوشیار رہنا
میاں میں ہی اُسے محفوظ رکھنا
زباں شمشیر ہے ہوشیار رہنا

۱۶۴

ہمیں تحریر سے کرنا ہی کیا ہے
بھلا تقریر سے کرنا ہی کیا ہے
اگر تدبیر ہی کرنا نہ آئے
گِلہ تقدیر سے کرنا ہی کیا ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۶۵

پُرانا ہو نیا سینا ضروری
بشر کو ہے اگر جینا ضروری
کِتابوں میں مجھے تھوڑا دِکھا دُو
کہاں سگریٹ ہے پینا ضروری

۱۶۶

مصیبت کا ہے مارا، دیکھتے ہیں
سکڑُتا بے سہارا، دیکھتے ہیں
زبرون سے نشاط و چشمہ شاہی
عجب ڈل کا نظارہ دیکھتے ہیں

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱٦٧

سوالی ہے یہ متوالی نہیں ہے
اگر چہ عشق سے خالی نہیں ہے
غزل کی بادشاہی میں بظاہر
جہاں غالبؔ وہاں حالیؔ نہیں ہے

۱٦٨

یہاں نادِم وہاں باشان بھی ہیں
یہاں آدم وہاں اِنسان بھی ہیں
زمانہ ایک، پہلو دوٗ ہیں اس کے
جہاں دانا وہاں نادان بھی ہیں

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۶۹

یہ سورج چاند کیا تارے ہیں دیکھو؟
اُسی کے پیار کے مارے ہیں دیکھو
خدا کی راہ میں عاشق اُسی کے
فنافِی اللہ بہت سارے ہیں دیکھو

۱۷۰

دریں دُنیا کہالت سے بچانا
عدو کی بھی وکالت سے بچانا
دُعا مانگو سویرے اِجتماعی
میرے مولا جہالت سے بچانا

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۷۱

میرا بھی دِل جو کرتی شاد ہے یہ
حقائِق سے بھری بیداد ہے یہ
سُہانی شکل و صورت سے "کتابی"
میرے اُستاد کی اُستاد ہے یہ

۱۷۲

ہُوا جب حکم آنا ہے ضروری
یہاں دُنیا بسانا ہے ضروری
مدد کرنی یقیناً وقت مشکِل
مگر خود کو بچانا ہے ضروری

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۷۳

کرم ہر آن ہوتا ہے جہاں میں
گزُر باشان ہوتا ہے جہاں میں
کرے ہمّت اگر انسان بے شک
سفر آسان ہوتا ہے جہاں میں

۱۷۴

کوئی ہوگا تو سمجھو ہم نہیں ہیں
کسی سے یار ہم بھی کم نہیں ہیں
یہاں ہیں کون جو بے غم ہیں آخر
اگر ہیں بھی بنی آدم نہیں ہیں

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۷۵

کرم مانگو تو فوراً مانتا ہے
فلک سے ہی سدا پہچانتا ہے
کسی سے پوچھنے کی کیا ضرورت
دِلوں کا حال وہ خود جانتا ہے

۱۷۶

سیاروں چاند تاروں میں عیاں ہے
بلُند اُن کوہساروں میں عیاں ہے
نظاروں آبشاروں میں برابر
یہ قدرت نوبہاروں میں عیاں ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۷۷

یہاں رہتا ہے جو بھی باہنر ہے
ہر اِک کی اپنی اپنی راہ گزُر ہے
میری گُلپوش وادی میں برابر
یہ قصبے ہیں، یہ گاؤں ہیں شہر ہے

۱۷۸

مفصّل ہو بیاں کرنا اگر ہو
مکمّل ہو بیاں کرنا اگر ہو
کبھی بھی محفِلوں میں حال دِل کا
مدلّل ہو بیاں کرنا اگر ہو

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۷۹

بہت دِلکش یہاں پر سین بھی ہے
الگ دنیا الگ اِک دین بھی ہے
حقیقت میں ہے جادوٗ زندگی کا
یہ ہے کچھ تلخ کچھ شیرین بھی ہے

۱۸۰

کوئی کہتا ہے دیکھو وہ یہاں ہیں
کوئی کہتا ہے دیکھو وہ وہاں ہیں
زبرون جاکے میں نے خود جو پایا
محل تو ہے مگر پریاں کہاں ہیں؟

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۸۱

جو دِل ہو نیک روشن نام ہوگا
عمل اچھی بھلا انجام ہوگا
بُزرگوں کا یہ فرمانا ہے برحق
جہاں محنت وہاں آرام ہوگا

۱۸۲

نہ ہی ساکن، نہ راہی کچھ نہ ہوتا
نہ ہی بیٹا نہ بھائی کچھ نہ ہوتا
یہاں گر اِنفرادی کچھ نہ ہوتا
تو واللہ اجتماعی کچھ نہ ہوتا

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۸۳

یگنوؐ تم ایک بس داتا وہی ہے
گلوںؐ میں شان جو لاتا وہی ہے
بگڑ جائے یہ نیت آدمی کی
سنوؐ طوفان پھر لاتا وہی ہے

۱۸۴

وہی واقف ہے دل کی داستاں کا
وہی ساحل ہے بحرِ بیکراں کا
کسی کا میںؑ جو خود کا بھی نہیں ہوں
وہی مالک زمین و آسمان کا

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۸۵

شرافت سے بسائے آدمی کو
نزاکت سے سجائے آدمی کو
خدا سے بس دُعا میری یہی ہے
جہالت سے بچائے آدمی کو

۱۸۶

درندوں کی یہ دُنیا کچھ الگ ہے
چرندوں کی یہ دُنیا کچھ الگ ہے
بنی آدم سے قدرِ دُور رہ کر
پرندوں کی یہ دُنیا کچھ الگ ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۸۷

اگر ہوگا سمندر میں ملے گا
کبھی باہر کبھی گھر میں ملے گا
رضا اُس کی ہو اِس میں زور کیسا
جو ہوگا وہ مقدّر میں ملے گا

۱۸۸

شرافت جان لو تو غم نہیں ہے
نزاکت جان لو تو غم نہیں ہے
امانت میں دیانتدار ہونا
صداقت جان لو تو غم نہیں ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۸۹

مجھے گر یاد ہے تو گھر وہی ہے
یہ دِل جب شاد ہے تو گھر وہی ہے
رہی اب راز کی اِک بات، سن لو
اگر آباد ہے تو گھر وہی ہے

۱۹۰

یہ جاں میں جان ہے الحمدُ اِللہ
بڑا اِحسان ہے الحمدُ اِللہ
یہ صبحؑ و شام یہ دن رات باقی
خدا کی شان ہے الحمدُ اِللہ

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۹۱

نئے دن رات صبح و شام پیدا
کمانے کے لئے کر کام پیدا
سدا ہی چاہئے اِس آدمی کو
کرے دنیا میں اپنا نام پیدا

۱۹۲

جہاں ہمت وہاں ہے کامیابی
جہاں جراُت وہاں ہے کامیابی
کسی بھی زندگی کے اِمتحاں میں
جہاں محنت وہاں ہے کامیابی

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۹۳

ہوئی بیکار اِس پہ کیا کروں میں؟
تھی کمروں میں پڑی اب ہے گھروں میں
سلیقے سے بنی لکڑی کی کرُسی
ہُوا کرتی تھی پہلے دفتروں میں

۱۹۴

وفاداری زمین و آسماں کی
بھلا چاہتے اگر ہو دو جہاں کی
وہ ہے رزاق اُس سے مانگ روزی
دُعا لینی ہے لے لو اپنی ماں کی

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۹۵

غموں سے ہو رہائی تیری ماں کو
وہ دیتا ہے دُہائی تیری ماں کو
سُنو منّے کبھی غیبت نہ کرنا
تیرا ماموں ہے بھائی تیری ماں کو

۱۹۶

ابھی چاہو تو کِرکٹ میچ کھیلو
جبھی چاہو تو کِرکٹ میچ کھیلو
پڑھو لِکھو ہُنر سیکھو برابر
تبھی چاہو تو کِرکٹ میچ کھیلو

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۹۷

بیاں کیا ہے کہانی میں ہی سوچو
یہ اپنی زندگانی میں ہی سوچو
وہ دیکھو آرہا ہے آرہا ہے
بڑھاپے کا جوانی میں ہی سوچو

۱۹۸

کرم ہوگا زمین و آسماں میں
کِھلیں گے پھول پیارے گُلستِاں میں
اگر راضی ہو اپنی ماں تو سُن لو
خدا راضی ہے سارے دوجہاں میں

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۱۹۹

جہاں ہوتیؑ وہاں سے پا کے لاتا
وہاں سے ہی میں تھوڑی کھا کے لاتا
عقل بکتی اگر ہوتی یمن میں
کِلو دس[۱۰] بیس[۲۰] میں بھی جا کے لاتا

۲۰۰

وہ کہتا ہے وہاں سے اب چلیں گے
یہ کہتا ہے یہاں سے اب چلیں گے
جہاں میں دیکھ ٹریفک لوڑ کیا ہے
بشر پیدل کہاں سے اب چلیں گے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۰۱

جہاں آنی وہاں فانی بھی ہوگا
جہاں جانی وہاں ثانی بھی ہوگا
زمانے کا توازن ہے برابر
جہاں مچھلی وہاں پانی بھی ہوگا

۲۰۲

عنایت اُس کی جو ہو کم نہیں ہے
اگر نہ ہو تو دم میں دم نہیں ہے
اُب ج کو رکھو وہاں ہی
خدا جب ساتھ ہو تو غم نہیں ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

٢٠٣

یہ دِل ہوشیار ہو تو زندگی ہے
یہ روح بیدار ہو تو زندگی ہے
خدا کی اِک عنایت اور دِل میں
کرم بیسیار ہو تو زندگی ہے

٢٠٤

یہ اپنی ساخت کھوتا جا رہا ہے
دِل بیتاب روتا جا رہا ہے
ہَوا پانی غذا ماحول میرا
یہ سب آلودہ ہوتا جا رہا ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۰۵

رواں جو آج کل پیری ہے میری
یہی جانو کہ تعمیری ہے میری
پڑھو، اُردو میں جو کچھ لِکھ رہا ہوں
زباں لگتی تو کشمیری ہے میری

۲۰۶

کبھی تحریر کی باتیں بھی کرنا
کبھی تقریر کی باتیں بھی کرنا
بدست آئے اگر مطلب ادھورا
تو پھر تفسیر کی باتیں بھی کرنا

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۰۷

یہ ہے کاغذ کرو تحریر فوراً
سنو پہلے میری تقریر فوراً
توازن کھو رہا ماحول جو ہے
بچانے کی کرو تدبیر فوراً

۲۰۸

یقیں محکم خدا کی مہربانی
عمل پیہم خدا کی مہربانی
بجا لائیں گے شکرانہ اُسی کا
ہے دم میں دم خدا کی مہربانی

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۰۹

فضا ہر آن قائم گلستاں کی
یہ جاں میں جان قائم گلستاں کی
بیاں کرتا سویرے ہے یہ بلبلؔ
گلوں سے شان قائم گلستاں کی

۲۱۰

غموں میں ہی سنبھلتا دِل ہے میرا
خوشی میں بھی ٹہلتا دِل ہے میرا
خدا کی دین یہ نعمت ہے واللہ
ظرافت سے بہلتا دِل ہے میرا

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۱۱

دہن کھولو توازن ہو برابر
زباں تولو توازن ہو برابر
صحیح اِک قول ہے یہ زیرکوں کا
جبھی بولو توازن ہو برابر

۲۱۲

کرِشمہ ہے، جو ہیں انمول سارے
گُلستِاں کے یہ پھل اور پھول سارے
خدا کو تو سدا مرغوب جو ہیں
جہاں میں بھی ہیں یہ مقبول سارے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۱۳

وہاں کوئل پر کھتی جارہی ہے
یہاں بُلبُل چہکتی جارہی ہے
چمن میں پھول جو کھِلتے ہیں پیارے
فضا ساری مہکتی جارہی ہے

۲۱۴

یہاں بیدار ہر دم ہو اِرادہ
جہاں میں نیک پیہم ہو اِرادہ
اگر پانی ہمیں منزل ہے اپنی
تو پھر جانو مصمّم ہو اِرادہ

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۱۵

یہ گاؤں ہو، نگر ہو، غم نہیں ہے
جہاں بھی درسفر ہو غم نہیں ہے
کمائے گا تو کھائے گا یقیناً
یہ آدم باہُنر ہو غم نہیں ہے

۲۱۶

جہاں میں باشرافت ہم رہیں گے
بیاں میں بامروّت ہم رہیں گے
سبھی بِدعت مٹادیں گے اگر ہم
تو پھر جانو سلامت ہم رہیں گے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۱۷

اُسے ڈھونڈو تو شالُو سے لڑو تم
کسی جنگل میں کالُو سے لڑو تم
ارے جاہل جہالت چھوڑ دو اب
اگر لڑنا ہے بالُو سے لڑو تم

۲۱۸

وہ کہتا ہے میری تن میں بسا ہے
کسی کا بس صرف دھن میں بس ہے
تیرا مولا کہاں ہے تو بتادے؟
میرا مولا میرے من میں بسا ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۱۹

یہ گھر ہوگا کہیں ڈھیرا بھی ہوگا
بھلا اُس کا بھلا میرا بھی ہوگا
یہ سیدھی بات ہے کچھ راز بھی ہے
بھلا کر تو بھلا تیرا بھی ہوگا

۲۲۰

یہاں ہوتے ہیں جو بیدار سارے
شفا پاتے ہیں وہ بیمار سارے
سنو جوں جوں بدلتا ہے زمانہ
بدل جاتے ہیں رِشتے دار سارے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۲۱

سنو بے سوٗد اِک خواہش نہیں ہے
یہاں بے جا کوئی کوشش نہیں ہے
اگر اِنسان خود آنکھوں سے دیکھے
تو پھر شک کی ہی گنجائش نہیں ہے

۲۲۲

چمکتے آسماں پر چاند تارے
کھِلے ہیں گُلستِاں میں پھول پیارے
یہ جو اخبار آتا ہے سویرے
سناتا ہے مجھے حالات سارے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۲۳

نہ اُس کا در نہ ہی آباد خانہ
نہ اُس کا ساتھ دیتا ہے زمانہ
جو بھی دُنیا میں آ کے جھوٹ بولے
وہی ایجاد کرتا ہے بہانہ

۲۲۴

نہ جانے کیوں تبھی سُنتا نہیں ہے
میں کہتا ہوں ابھی سُنتا نہیں ہے
سناتا ہے مجھے ٹی وی بہت کچھ
مگر میری کبھی سنتا نہیں ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۲۵

مکمّل عشق کا اِک باب بھی ہے
حقیقت اور کبھی یہ خواب بھی ہے
عموماً صبر سے لیتا ہے یہ کام
کبھی ہوتا یہ دل بیتاب بھی ہے

۲۲۶

عجب حالات کا بنتا ہے گاہے
اندھیرا رات کا بنتا ہے گاہے
بِگڑ جاتی ہے نیّت جب جہاں میں
بتنگڑ بات کا بنتا ہے گاہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۲۷

فزوں اِخلاق جاری بھی کریگا
مدد وقتی تمہاری بھی کریگا
کسی کی ہم اگر عزّت کریں گے
وہ پھر عزّت ہماری بھی کریگا

۲۲۸

بحث کرنے کے تم قابِل بنو گے
ادب میں بے بہا فاضل بنو گے
ملِے گی زندگی میں کامیابی
پڑھو لِکھو تو پھر کامِل بنوگے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۲۹

زمیں پہ بادشاہی ہے یقیناً
فلک تک یہ رسائی ہے یقیناً
مدد کرنی کسی کی وقت مشکل
یقیناً یہ بڑھائی ہے یقیناً

۲۳۰

کبھی کرتا نہیں ہے غور دیکھو
رواں ہوتا ہے۔ یہ فیِ الفور دیکھو
وہ خاموشی سمندر کی بڑھائی
یہ دریا کا بھی زور و شور دیکھو

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۳۱

روّیہ میں رضا ہی کچھ الگ ہے
چمن اس کا فضا ہی کچھ الگ ہے
کدو بنڈی یہ بینگن بھی ہیں لیکن
ٹماٹر کا مزا ہی کچھ الگ ہے

۲۳۲

بنے کیسے ہیں فن کے پھول کانٹے
مرے گلشن وطن کے پھول کانٹے
خدا کی دیکھ تو شانِ کریمی
یہ ہیں زینت چمن کے پھول کانٹے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۳۳

شرارت سے ہمیں کیا لینا دینا
کہالت سے ہمیں کیا لینا دینا
شرافت کے تو ہم نوکر ہیں بھائی
جہالت سے ہمیں کیا لینا دینا

۲۳۴

سزا اُس کی ہو اِس میں زور کیا ہے
جزا اُس کی ہو اِس میں زور کیا ہے
ارے نادان یہ ہے بے نیازی
رضا اُس کی ہو اِس میں زور کیا ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۳۵

عیاں ہر آن بس باقی رہے گی
یہ اِک پہچان بس باقی رہے گی
نہ ہوگا گلُ نہ ہی بُلبلُ چمن میں
اُسی کی شان بس باقی رہے گی

۲۳۶

اکیلی کی اکیلی ہے یہ دنیا
سہیلی کی سہیلی ہے یہ دنیا
صداقت پر مبنی ہے یہ جانو
پہیلی کی پہیلی ہے یہ دنیا

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۳۷

رواں ہوتے دواں ہوتے ہیں ارماں
عیاں دِل کے بیاں ہوتے ہیں ارماں
بڑھاپے کا میں یارو کیا بتاؤں
جوانی میں جواں ہوتے ہیں ارماں

۲۳۸

کبھی چاہو تو جانا بس آدب سے
کہیں بھی اُن کو پانا بس ادب سے
بھلا ہوگا ہمیشہ لو دعائیں
بڑوں سے پیش آنا بس ادب سے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۳۹

یہ آنسو نا بہے گا پھر یقیناً
زمانہ خود کہے گا پھر یقیناً
اگر انصاف ہو برپا جہاں میں
امن قائم رہے گا پھر یقیناً

۲۴۰

کبھی بالا ہے اعلیٰ شان بھی ہے
کبھی تہہ میں چھپا طوفان بھی ہے
زمانہ ہے وہی جو تھا جو ہوگا
بدل جاتا یہاں اِنسان بھی ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۴۱

کرمؑ عرب و عجم تب عام ہوگا
ہَوا پانی بہم تب عام ہوگا
بزرگوں کی دُعا جب ہو جہاں میں
سنو فضلُ و کرم تب عام ہوگا

۲۴۲

بھلائی ہو کوئی پھِر کیا کہے گا
بُرائی ہو بچاہی کیا رہے گا
اگر دشمن ہیں ہم بے جا کسی کے
ہمارا دوست وہ کیسے بنے گا

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۴۳

کوئی رنگیں نوا فوراً ملے گا
کہ دِل کا مدّعا فوراً ملے گا
تِلاوت جب کریں گے قلْ ہُوَ اللہ
مداوا باخدا فوراً ملے گا

۲۴۴

گزرتا سال دِل کا جانتا ہے
صحیح احوال دِل کا جانتا ہے
نظر جس کی سِتاروں پر ہے ہوتی
وہی یہ حال دِل کا جانتا ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۴۵

یہ چڑھتا ہے چمکتا ہے سویرے
یہ کِھلتا ہے دمکتا ہے سویرے
اگر اب آسماں بادل بھرا ہو
تو بھی سورج نکلتا ہے سویرے

۲۴۶

اگر مانو تو برتر ہے جوانو
کسی کے بھی یہ سر پر ہے جوانو
سُنا میں نے ہے دادی کی زبانی
خرد قوت سے بہتر ہے جوانو

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۴۷

وہاں جو ہے تو میرا ہی خدا ہے
یہاں جو ہے تو میرا ہی خدا ہے
ستاروں میں سیاروں میں کہیں بھی
جہاں جو ہے تو میرا ہی خدا ہے

۲۴۸

یہ کھٹا میٹھا پائے گا برابر
وہ چنداں ساتھ لائے گا برابر
چڑھے گا پیڑ پر جو ہی بہادرُ
وہی انگور کھائے گا برابر

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

٢٤٩

وہ پورا لِکھ کے اپنا نام دیگا
مکمّل کرکے سارا کام دیگا
یہ نیّت صاف ہمّت ہو برابر
فرائِض اپنے وہ انجام دیگا

٢٥٠

کمایا بھی بہت کچھ زندگی میں
تو کھایا بھی بہت کچھ زندگی میں
وہی جانے یہ سب کیا کیا مٹایا
بنایا بھی بہت کچھ زندگی میں

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۵۱

دُعا کرتے ہیں جو وہ مانتا ہے
صداقت دوُر سے پہچانتا ہے
نقل کرنے میں سب ماہر ہیں لیکن
اصل کیا ہے وہ خود ہی جانتا ہے

۲۵۲

گیا جو ہاتھ سے یارو نبھا دو
نیا کچھ اِنقلابی ہو بتا دو
سنو پہلے مخاطب کی زبانی
تو پھر آرام سے اپنی سنا دو

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۵۳

بیاں بسیارِ ہوتا ہے زباں سے
یہ جو گفتار ہوتا ہے زبان سے
ہمیشہ دل میں جو ہوتا ہے بیتاب
وہی اِظہار ہوتا ہے زبان سے

۲۵۴

کہے گا کون کہ شہرت نہیں ہے
یہ کالا دھن ذرا دولت نہیں ہے
جہاں میں سُن، اگر یہ دل غنی ہو
تو پھر جانو کوئی غربت نہیں ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۵۵

جنونِ دِل ہی سمجھو زندگی ہے
سکونِ دِل ہی سمجھو زندگی ہے
رنگا رنگ داستاں ایجاد کرنا
فنونِ دِل ہی سمجھو زندگی ہے

۲۵۶

یہ سب ڈھیرا اُٹھا کے نوجوانو
کندھوں پہ فِٹ سجا کے نوجوانو
نہیں گر وقت پر گاڑی ملے گی
بڑھو پیدل ہی آگے نوجوانو

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۵۷

کہیں گیڈر کا چھوٹا گھر ملے گا
کہیں پر شیر تو دَربر ملے گا
سنو جنگل سے جب تیرا گزُر ہو
کہیں بالُو کہیں بندر ملے گا

۲۵۸

پھنسے اِن میں سنو ہم ہیں ضروری
کہیں زیادہ کہیں کم ہیں ضروری
وراثت میں مِلا تحفہ ہی سمجھو
جہاں دِل ہے وہاں غم ہیں ضروری

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۵۵

جنونِ دِل ہی سمجھو زندگی ہے
سکونِ دِل ہی سمجھو زندگی ہے
رنگا رنگ داستاں ایجاد کرنا
فنونِ دِل ہی سمجھو زندگی ہے

۲۵۶

یہ سب ڈھیرا اُٹھا کے نوجوانو
کندھوں پہ فِٹ سجا کے نوجوانو
نہیں گر وقت پر گاڑی ملے گی
بڑھو پیدل ہی آگے نوجوانو

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۵۷

کہیں گیدڑ کا چھوٹا گھر ملے گا
کہیں پر شیر تو دَربر ملے گا
سنو جنگل سے جب تیرا گزُر ہو
کہیں بالُو کہیں بندر ملے گا

۲۵۸

پھنسے اِن میں سنو ہم ہیں ضروری
کہیں زیادہ کہیں کم ہیں ضروری
وراثت میں مِلا تحفہ ہی سمجھو
جہاں دِل ہے وہاں غم ہیں ضروری

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۵۹

عیاں ہوتا ہے یہ دریا ہمیشہ
رواں ہوتا ہے یہ دریا ہمیشہ
سمندر کی الگ ہے شان لیکن
جواں ہوتا ہے یہ دریا ہمیشہ

۲۶۰

یہ ٹوٹا دل تو بہلانا پڑے گا
مبدّل اِس کا پھر پانا پڑے گا
سنو غلّطی کرے گا جو جہاں میں
اُسے آخر پہ پچھتانا پڑے گا

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۶۱

یہ پیارا ہو تو اپنا ہی وطن ہو
چمک میں جیسے یہ لعلِ یمن ہو
جہاں گلُ ہو یہ بلبلُ ہو چمن ہو
وہاں میں اور میرا گلبدُن ہو

۲۶۲

سحر اور شام کا موقعہ بہم ہو
مجھے بس رُو برُو اپنا صنم ہو
فسانہ زیست کا تحریر کرنا
ہو کاغذیاں کا ایرانی قلم ہو

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲٦۳

گِرانے میں حقیقت ہو نمایاں
بنانے میں حقیقت ہو نمایاں
حقیقت میں صداقت ہی صداقت
فسانے میں حقیقت ہو نمایاں

۲٦۴

خدا جانے کہاں سے آرہی ہے
کہاں منزل وہ اپنا پا رہی ہے
نئی کوئل چمن میں دم سنبھالے
پرانی گیت گاکے جارہی ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۶۵

کہاں کڑوی کہاں میٹھی بہت ہے
وہاں کڑوی یہاں میٹھی بہت ہے
رنگوں میں ہے رنگی میری یہ دُنیا
جہاں کڑوی وہاں میٹھی بہت ہے

۲۶۶

یہ مستقبل ہے بالکل ٹھیک اُس کا
فہم سے مسئلہ باریک اُس کا
نظر جس کی ہو جتنی دوُر مانو
خدا اُتنا ہی ہے نزدیک اُس کا

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۶۷

کہیں کِس سے بھلا کامِل کہاں ہے؟
سمندر ہے کہاں، ساحِل کہاں ہے
خدا کو ڈھونڈنا چاہتے اگر ہو
تو ڈھونڈو پہلے اپنا دِل کہاں ہے

۲۶۸

کوئی افسوس بھی کھائے نہ یارو
وقت آئے تو پچھتائے نہ یارو
سدا قسمت میں ہو جنّت سبوں کی
جہنم میں کوئی جائے نہ یارو

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۶۹

حقیقت ہے یہ افسانہ نہیں ہے
بِلا دعوت کہیں جانا نہیں ہے
ہو منشا جب بھی ربُ العٰلمین کا
اجل آئے تو پچھتانا نہیں ہے

۲۷۰

یہاں جو ہیں خدا حافِظ سبھوں کا
وہاں جو ہیں خدا حافِظ سبھوں کا
دُعا کرتا ہے یہ ناچیز صابرِ
جہاں جو ہیں خدا حافظ سبھوں کا

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۷۱

فرق کرتا وہ کب اپنے بیاں میں
نہ ہی مجبور ہوتا اس زماں میں
بشر ہوتا نہ یہ آدم بچارہ
کبھی غلطی نہ کرتا اس جہاں میں

۲۷۲

میری دُنیا میں یارو آن اُس کی
فلک پر ہے بڑی ہے شان اُس کی
عیاں ہے، ڈھونڈنے کی کِیا ضرورت
اکیلا ہے یہ ہے پہچان اُس کی

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۷۳

ملے موقع تو لڑتی جارہی ہے
کبھی تو ناک چڑھتی جارہی ہے
بگڑ جاتی ہے یہ نیّت بشر کی
پریشانی بھی بڑھتی جارہی ہے

۲۷۴

طوفانوں سے مجھے کیا لینا دینا
بہانوں سے مجھے کیا لینا دینا
بڑھاپے میں ہیں میرے دن گذُرتے
جوانوں سے مجھے کیا لینا دینا

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۷۵

دھولانے کو میری ممّی ہے کافی
پِلانے کو میری ممّی ہے کافی
فقط پاپا کمائے فکر کیا ہے
کِھلانے کو میری ممّی ہے کافی

۲۷۶

غلط کر کے نہ پچھتاتا کبھی میں
درندوں سے نہ ڈر کھاتا کبھی میں
اگر سینے میں میرے دل نہ ہوتا
نہ غم ہوتے نہ گھبراتا کبھی میں

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۷۷

سِتاروں کی یہ وادی اب کہاں ہے
بہاروں کی یہ وادی اب کہاں ہے
بچا رکھتی تھی جو ماحول میرا
چناروں کی یہ وادی اب کہاں ہے

۲۷۸

غموں میں بے سہارا کیا کرے گا
نفس کا ہی گزارا کیا کرے گا
جوانی میں ہی نہ ہمّت کرے جو
بڑھاپے میں بچارہ کیا کرے گا

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۷۹

الگ ان کا زمین و آسماں ہے
وہی مالک جو ان کا پاسبان ہے
سنو یہ داد دینے کے ہے قابل
گلوُ بلبلُ عجب اِک داستان ہے

۲۸۰

نیا اِک فون بھی پہلے لگانا
یہی تاکید کرتا ہے زمانا
اگر جانا کسی کے گھر ہو تو پھر
ذرا دروازہ پہلے کھٹکھٹانا

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۸۱

جہاں چاندی وہاں سونا بھی کچھ ہے
جہاں رونا وہاں دھونا بھی کچھ ہے
عجب اِس زندگی کی کشمکش میں
جہاں پانا وہاں کھونا بھی کچھ ہے

۲۸۲

کوئی نادِم کوئی مسرُور بھی ہے
جہاں مالک وہاں مزدُور بھی ہے
فسانے کی یہ اِک رنگین صوُرت
جہاں ناصرِ وہاں منصوُر بھی ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۸۳

تمہیں تھوڑا بہت کھونا پڑے گا
ذرا مجبور سا ہونا پڑے گا
اگر چاہو تو کھالُو آم سارے
مگر پھر ہاتھ منہ دُھونا پڑے گا

۲۸۴

کہالت ہے عداوت سے بھی بڑھ کر
عداوت ہے جہالت سے بھی بڑھ کر
رواں اس زندگی کی کشمکش میں
جہالت ہے قیامت سے بھی بڑھ کر

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۸۵

شمع جلتی نزاکت تو عیاں ہے
رہی قدرت صداقت تو عیاں ہے
پڑھو اب شاعروں کو شاعری میں
رہا صابرؔ ظرافت تو عیاں ہے

۲۸۶

ہو نیّت بد بشر روتا ہے آخر
قیامت تک کوئی سوتا ہے آخر
خوشی یا غم میں یہ دِن دِن نبھانا
وہ جو چاہیئے وہی ہوتا ہے آخر

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۸۷

غلط کر لے کوئی غازی نہیں ہے
یہ شیشہ دِل بھی پھر راضی نہیں ہے
کوئی بھی کام ہو انجام لانا
جہاں جلدی، جلدبازی نہیں ہے

۲۸۸

ملے نہ نیک تو بد سے نہ گزُرو
غلط ہو گر کسی مد سے نہ گزُرو
جہاں میں باوُفا اِن دوستوں کی
یہ منّت لو مگر حد سے نہ گزُرو

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۸۹

کبھی آباد ہوتا ہے جہاں میں
کبھی ناشاد ہوتا ہے جہاں میں
یہاں پہچان کر اِعمال میرے
کبھی دِل شاد ہوتا ہے جہاں میں

۲۹۰

ہیں ٹوٹے دِل انہیں سرشار کر دے
یہاں باطل کو اپے مسمار کر دے
خدایا بس دُعا میری یہی ہے
بنی آدم کی رُوح بیدار کر دے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۹۱

تیری شہرت یہ عظمت ہے تمہاری
تیری قدرت یہ عظمت ہے تمہاری
زمین و آسماں پہ دو جہاں میں
تیری وحدت یہ عظمت ہے تمہاری

۲۹۲

یہ دن، راتیں، مہینے، سال اپنے
سنائیں کِس سے ہم احوال اپنے
وفا کرتی ہے یہ دُنیا جو ایسی
یہ نیّت ہے یہ ہیں اعمال اپنے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۹۳

وہی ناصِر وہی زاہد جہاں میں
وہی ہر حال کا شاہد جہاں میں
یہ رکھو دوست مشفق یکطرف سب
خدا میرا ہے بس واحد جہاں میں

۲۹۴

مجھے فیِ الحال رونے دو جہاں میں
یہ چند لمحات سونے دو جہاں میں
خیالوں میں مجھے پانا ہے مولا
مجھے کچھ دیر کھونے دو جہاں میں

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۹۵

غذا اچھّی صحت اچھّی تو ہوگی
فضا اچھّی صحت اچھّی تو ہوگی
مہربانی سدا مولا کی اپنی
رضا اچھّی صحت اچھّی تو ہوگی

۲۹۶

بصارت ہو تو بینائی ہے باقی
جسارت ہو تو بینائی ہے باقی
بدی نیکی ذرا پہچاننے میں
مہارت ہو تو بینائی ہے باقی

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۹۷

عجب یہ کیفیت طاری کہاں ہے
دِکھا دو حکم یہ جاری کہاں ہے
برابر مادِیت کے اِس جہاں میں
زمیں اپنی مگر ساری کہاں ہے

۲۹۸

میری دنیا بنائی ہے اُسی نے
بنا کر پھر سجائی ہے اُسی نے
چمن میں بے نیازی کا یہ عالم
کہیں بجلی گرائی ہے اُسی نے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۲۹۹

رضا اِس کی رواں ہوتی ہے اپنی
صدا اِس کی رواں ہوتی ہے اپنی
حقائق کیسے یہ تحریر کرتا ؟
قلم کی بھی زباں ہوتی ہے اپنی

۳۰۰

یہ مرنا اور یہ جینا برابر
یہ چہرہ اور یہ سینہ برابر
دریں دُنیا حقیقت جو بھی کچھ ہے
دِکھاتا ہے یہ آئینہ برابر

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۰۱

ذرا بیدار ہونا اُور ہی ہے
کبھی دو چار ہونا اور ہی ہے
امانت میں خیانت نعوذُ بِااللہ
دیانتدار ہونا اور ہی ہے

۳۰۲

اجل آئے بدل کرنا ہی کیا ہے
قبل اس کے ہمیں مرنا ہی کیا ہے
یہ آنا اور جانا با سلامت
رضا اُس کی ہو تو ڈرنا ہی کیا ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۰۳

کہیں زندہ کہیں بے جان بھی ہیں
یہاں مالک یہاں مہمان بھی ہیں
خدا کی دیکھ لو مخلوق ساری
جہاں اِنساں وہاں حیوان بھی ہیں

۳۰۴

کوئی حلایا کوئی حلائی نہیں ہے
کہے گا کون کہ نائی نہیں ہے
جہاں میں جو، بنی آدم ہیں سارے
ہمارا کون پھر بھائی نہیں ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۰۵

یہ شاعر کا عجب خدؔ و خال کیا ہے
بیاں میں اِنقلابی حال کیا ہے
عیاں پورا ہے ماتھے سے ہی دیکھو
ذرا اِقبالؔ کا اِقبال کیا ہے

۳۰۶

جُدا سوچو جُدا انجام ہوگا
بُرا سوچو بُرا انجام ہوگا
عرض کرتا ہوں میں یہ اپنے دل سے
بھلا سوچو بھلا انجام ہوگا

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۰۷

یہ دم میں دم بہم تیرا سدا ہے
کرم تیرا رحم تیرا سدا ہے
بتا دو خود ہی ہم لاتے کہاں سے
خوشی تیری یہ غم تیرا سدا ہے

۳۰۸

سُنا جو صاف کہنا ہے بڑھائی
کوئی مشکل ہو سہنا ہے بڑھائی
رہا اب جاہلوں کی محفِلوں میں
سدا خاموش رہنا ہے بڑھائی

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۰۹

جہاں خود کو بنانا اور کچھ ہے
الگ اِک گھر بسانا اور کچھ ہے
دلائِل، میں جو دیتا ہوں زبانی
مگر کرکے دِکھانا اور کچھ ہے

۳۱۰

نہ ہو لمبا تو چوڑا ہی غنیمت
نہ ملنے سے یہ تھوڑا ہی غنیمت
اُور لوڈنگ کا دیکھو حال کیا ہے
مجھے گاڑی سے گھوڑا ہی غنیمت

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۱۱

مقدّر ہے خدا کی بارگاہ میں
مقرّر ہے خدا کی بارگاہ میں
ضرورت ہے اگر کچھ بھی تو مانگو
میسّر ہے خدا کی بارگاہ میں

۳۱۲

یہاں دیکھو اسیروں کی اسیری
وہاں دیکھو امیروں کی امیری
جہاں میں اپنا اپنا ہے مقدّر
فقیروں کی سدا روشن ضمیری

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۱۳

سدا نظروں میں بالکل ٹھیک رشتہ
نزاکت میں یہ اِک باریک رشتہ
جہاں میں اِس زمین پہ ہر زماں میں
قلم کاغذ کا ہے نزدیک رشتہ

۳۱۴

سوالوں کا یہ حل کچھ اور ہی ہے
ادب میں آج کل کچھ اور ہی ہے
شکل سے ایک، قالب دوٗ ہیں لیکن
نظم کچھ ہے غزل کچھ اور ہی ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۱۵

جہاںؑ غالب کا ہو بس شاعری میں
زماںؑ غالب کا ہو بس شاعری میں
بڑھائی اور ہو رونق تو سن لو
بیانؑ غالبؔ کا ہو بس شاعری میں

۳۱۶

یہاں جب تک میری دُنیا ہے ساری
کہو کب تک میری دُنیا ہے ساری
برابر جان میں ہے جان جب تک
سنو تب تک میری دُنیا ہے ساری

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۱۷

بیاں میری زبانی کچھ الگ ہے
یہ دریا کی روانی کچھ الگ ہے
بڑھاپے میں بُزرگی کی یہ عظمت
جوانی کی کہانی کچھ الگ ہے

۳۱۸

بہانوں سے بھی لڑتی ہے جہاں میں
زمانوں سے بھی لڑتی ہے جہاں میں
بہادُر زندگی میری ہے دیکھو
طوفانوں سے بھی لڑتی جہاں میں

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۱۹

جہاں عظمت ہے دل کی یہ محبّت
وہاں رحمت ہے دِل کی یہ محبّت
اگر یہ سیمؒ و زر جائے بھی لیکن
بڑی دولت ہے دِل کی یہ محبّت

۳۲۰

بیاں بیداد کرتی ہے یہ خوشبوُ
فضا آباد کرتی ہے یہ خوشبوُ
زہن میرا جو ہوتا ہے معطّر
دِلوں کو شاد کرتی ہے یہ خوشبوُ

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۲۱

یہاں آساں وہاں مشکل بھی دیکھو
وہاں پتھر یہاں یہ دِل بھی دیکھو
بیاں سنتے رہو بے چارے دِل کا
جہاں کلمہ وہاں مہمِل بھی دیکھو

۳۲۲

صحیح پہچان ہے پیاری سبؤں کی
بلند ہو شان ہے پیاری سبؤں کی
بہن بھائی کو رکھو یکطرف اب
یہ اپنی جان ہے پیاری سبؤں کی

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۲۳

یہ نعمت گائے سے پاتے سبھی ہیں
کہیں بھی شوق سے لاتے سبھی ہیں
یہاں یہ دودھ کی ہے بات اصلی
دہی پیتے نہیں کھاتے سبھی ہیں

۳۲۴

چلے جب ٹھوکریں کھاتا ہے آخر
کیِے کا پھل بشر پاتا ہے آخر
گڑھا کھودے کسی کے واسطے جو
خود ہی اِس میں وہ گِر جاتا ہے آخر

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۲۵

کبھی پل بھر سجاتا ہے یہ آنسوں
کبھی غم کے رُلاتا ہے یہ آنسوں
بھروسہ کیا کرے آدم پہ کوئی
خوشی کے بھی بہاتا ہے یہ آنسوں

۳۲۶

حصولِ علم میں روحانیت ہو
حلالِ رزق کی ارزانیت ہو
دُعا میری یہی ہے میرے مولا
جہاں میں عام بس اِنسانیت ہو

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۲۷

پیاسوں کو پلائے گا ہمیشہ
غریبوں کو کھلائے گا ہمیشہ
رہے گی پھر کہاں بے روزگاری
کمائے جو وہ کھائے گا ہمیشہ

۳۲۸

یہ بن میں مور کو کوئی نہ دیکھے
کبھی کمزور کو کوئی نہ دیکھے
نہ پوری پائے جب تک کامیابی
بچارے چور کو کوئی نہ دیکھے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۲۹

ذرا غفلت میں ہم کھوتے نہ ہرگز
جہاں میں بھی کبھی روتے نہ ہرگز
اگر آگے کا ہوتا حال معلوم
تو پھر یہ حادثے ہوتے نہ ہرگز

۳۳۰

روانی ہو تو سُننی ہی پڑیگی
زبانی ہو تو سُننی ہی پڑیگی
عیاں اِس زندگی میں کشمکش کی
کہانی ہو تو سُننی ہی پڑیگی

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۳۱

صداقت ہو بشاشت بھی تو ہوگی
دیانت ہو بشاشت بھی تو ہوگی
رحم اُس کا فضل اُس کا جہاں میں
عنایت ہو بشاشت بھی تو ہوگی

۳۳۲

زمانے کے عجب خدؔ و خال کیا ہیں
مصیبت کے یہ دن یہ سال کیا ہیں
میاں بیوی گئے دفتر ہیں دونوں
کہو بچوّں کا گھر میں حال کیا ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۳۳

وہی عالی وہی مرغوبؔ واللہ
دیانت میں بہت ہی خوبؔ واللہ
میرے مولا تیرا محبوبؔ جو ہے
وہی میرا بھی ہے، محبوبؔ واللہ

۳۳۴

یہ رہتا ہے کہاں مچھّر بچارہ
کھٹکتا ہے یہاں مچھّر بچارہ
خدا کی یہ عجب مخلوق دیکھو
جہاں ہاتھی وہاں مچھّر بچارہ

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۳۵

سنائے کون میٹھا گیت آخر
برابر جو رہے یہ ریت آخر
یہ کچھوا اور جب خرگوش دوڑے
بتا دو کس کی ہوگی جیت آخر

۳۳۶

نزاکت میں کمالِ یار کیا ہے
جدھر دیکھو جمالِ یار کیا ہے
خدا کی یہ عنایت کون جانے
دریں دنیا وِصالِ یار کیا ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۳۷

یہاں پھولوں میں پلتا ہے کبھی وہ
جہاں سانچے میں ڈھلتا ہے کبھی وہ
اگر آدم خیالی خواب دیکھے
حقیقت میں بدلتا ہے کبھی وہ

۳۳۸

عمر ہو چند برس کافی ہے مجھ کو
صنم آئے بدست کافی ہے مجھ کو
مجھے زیادہ سے زیادہ کیا ضرورت
رحم تیرا ہی بس کافی ہے مجھ کو

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۳۹

اگر جانچیں تو سمجھو تب کہاں ہے
فرق آیا یہ اِس میں کب کہاں ہے
رواں جہلم کا ہے پانی یقیناً
مگر پینے کے قابل اب کہاں ہے

۳۴۰

جہاں دنیا میں باکِردار ہونا
وہاں اِخلاق کا معمار ہونا
اگر یہ مال دولت ہو بھی لیکن
بڑھائی ہے کِفایت شعار ہونا

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۴۱

پڑھا لِکھا ہو کاغذ پہ لکھے گا
عبارت شوق سے کوئی پڑھے گا
اہم اِک بات ہے یہ یاد رکھنا
سیاہی ہو قلم آگے بڑھے گا

۳۴۲

زمانے میں سدا بیدار رہنا
بُرائی سے سُنو بیزار رہنا
کسی کو ہم اگر دھوکہ نہ دیں گے
مگر کھانے سے بھی ہوشیار رہنا

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۴۳

جب ہی چاہئے تو لاتا بھی وہی ہے
یہاں جینا سِکھاتا بھی وہی ہے
کرو گنتی فقط دو[۲] تین[۳] دن بس
تو پھر واپس بُلاتا بھی وہی ہے

۳۴۴

عجب ہی بس عجب یہ کار سازی
زمانہ حال میرا اور ماضی
جہاں کانٹے وہاں ہی گُل کھِلے ہیں
خدا وندا یہ تیری بے نیازی

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۴۵

کہو کیا در سفر آدم نہیں ہے
جہاں میں باہنر آدم نہیں ہے
فضیلت میں اگر برتر ہے تو بھی
کہو مت یہ بشر آدم نہیں ہے

۳۴۶

خدا کی دی ہوئی نعمت برابر
بشر آدم کی ہے عظمت برابر
کمانے کی اُسے ہے کیا ضرورت
علم خود ہی ہے دھن دولت برابر

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۴۷

یہ کچھ کہنے کو اپنی جو نپڑی ہو
درد سہنے کو اپنی جو نپڑی ہو
محل خانوں سے ہے کیا لینا دینا
مجھے رہنے کو اپنی جو نپڑی ہو

۳۴۸

کہیں صورت سراپا لِکھ رہا ہوں
کہیں شاید میں بے جا لِکھ رہا ہوں
پڑا ہوں میں عجب حیرانگی میں
خدا جانے کہ میں کیا لِکھ رہا ہوں

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۴۹

میری دُنیا میں آتے ہیں سویرے
پُھد کتے چہچہاتے ہیں سویرے
مجھے غفلت کی گہری نیند سے بس
پرندے ہی جگاتے ہیں سویرے

۳۵۰

سنو میری تو دے دو رائے اپنی
پیو جی بھر کے میٹھی چائے اپنی
ضرورت ہے اگر یہ دودھ خالص
تو پھر گھر میں ہی پالو گائے اپنی

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۵۱

امیروں کو خدا رکھے سلامت
غریبوں کو خدا رکھے سلامت
فقیروں کو دُعا کی کیا ضرورت
حقیروں کو خدا رکھے سلامت

۳۵۲

کہوں کیا جب سے میں آیا جہاں میں
اُسی نے تو مجھے لایا جہاں میں
گلستاں اور یہ صحرا بیاباں
بہت دیکھا تو کیا پایا جہاں میں

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۵۳

وہ عزّت سے بسائے آدمی کو
وہ اچھّی رہ پہ لائے آدمی کو
تدبّر سے سجائے اِس جہاں میں
تکبّر سے بچائے آدمی کو

۳۵۴

یہاں لڑنا جھگڑنا ہے بُرائی
زمانے میں بگڑنا ہے بُرائی
جہاں میں آدمی ہو نیک سیرت
بُری صحبت میں پڑنا ہے بُرائی

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۵۵

جہاں روشن یہ اپنا نام کرلو
سنو محنت سحر تا شام کرلو
تھکن محسوس گر ہوگی کبھی تو
ذرا بیٹھو ذرا آرام کرلو

۳۵۶

جہاں یہ گھر ہے اصلی آدمی کا
وہاں یہ در ہے اصلی آدمی کا
علم دھن ہے علم دولت ہے لیکن
عقل زیور ہے اصلی آدمی کا

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۵۷

پیئے گا وہ پلائے گا بھی تھوڑا
اگر چاہئے بلائے گا بھی تھوڑا
جہاں میں جو رزق خود ہی کمائے
وہ کھائے گا کِھلائے گا بھی تھوڑا

۳۵۸

کہیں لندن سے آئے تو نہیں ہیں
یہاں ہم نے بسائے تو نہیں ہیں
نظر ڈالو گِنو یہ دوست دشمن
سبھی اپنے پرائے تو نہیں ہیں

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۵۹

جہاں میں یہ رُلاتی ہے کبھی تو
صحیح موقعہ یہ پاتی ہے کبھی تو
وہ بھیجے تو اجل آتی ہے فوراً
بلائی بھی یہ جاتی ہے کبھی تو

۳۶۰

کوئی دن کو ہی سوتا ہے عموماً
مرد کوئی بھی روتا ہے عموماً
جو ہی مارے وہی خود چیختا ہے
یہاں ایسا بھی ہوتا ہے عموماً

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۶۱

نزاکت کو تو کمزوری نہ سمجھو
اصالت کو تو کمزوری نہ سمجھو
کبھی بھی دوستو ہرگز کسی کی
شرافت کو تو کمزوری نہ سمجھو

۳۶۲

یہ آن و بان میں ہے پائیداری
صحیح پہچان میں ہے پائیدار
یہاں سب عارضی، فانی ہے لیکن
خدا کی شان میں ہے پائیداری

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۶۳

وہ جب چاہیں تو تب ہیرو بنیں گے
کہو کوئی کہ کب ہیرو بنیں گے
پڑھے لِکھے یہاں بیکار جو ہیں
مجھے لگتا ہے سب ہیرو بنیں گے

۳۶۴

محلّوں کے وہاں قصبوں کی جانب
دیہاتی بھاگتے شہروں کی جانب
بتائے کونؔ یہ کِیا ہو رہا ہے
ہیں شہری بھاگتے گاؤں کی جانب

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

٣٦٥

نزاکت کی جہاں دولت ہے بیٹی
وہاں اِخلاق کی عظمت ہے بیٹی
اگر ماں باپ کی شہرت ہے بیٹا
تو مانو قوم کی رحمت ہے بیٹی

٣٦٦

زمانے کے یہاں قابِل نہ ہونا
کسی بھی حال میں مشکل نہ ہونا
سدا ہی چاہیئے آدم کو یارو
اگر دِل ہے تو پھر بے دِل نہ ہونا

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۶۷

یہاں گھومے گی یارو کامیابی
یہاں جھومے گی یارو کامیابی
جہاں میں جب مصمّم ہو اِرادہ
قدم چومے گی یارو کامیاب

۳۶۸

تیری یہ دستگیری ماشااللہ
عیاں روشن ضمیری ماشا اللہ
یہ دولت بے بہا شہرت یہ عظمت
فقیروں کی فقیری ماشا اللہ

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۶۹

ریاضت جو کرے اِس زندگی میں
سخاوت جو کرے اِس زندگی میں
اُسی کو اُس کی خوشنودی ہے حاصل
عبادت جو کرے اِس زندگی میں

۳۷۰

کیۓ کا اپنے پورا دام لانا
جہاں پاکے بڑا انعام لانا
بشر آدم کا ہو شیوہ یہی بس
لگن سے ہر فرض انجام لانا

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۷۱

سحر ہوتے ہی کوئی سو رہا ہے
کوئی خود کو ہی خود میں کھو رہا ہے
عجب آدم کی یارو زندگی میں
خدا جانے یہ کیا کچھ ہو رہا ہے

۳۷۲

سدا دل کو یہ بھاتا ہے عموماً
یہ لِکھنے میں جو آتا ہے عموماً
اگر زیرو کی کچھ قیمت نہیں ہے
مگر قیمت بڑھاتا ہے عموماً

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۷۳

زمانے میں سدا باہوش رہنا
ڈوپٹہ ہی لئے بردوش رہنا
بڑھائی زن کی ہے، ہونیک سیرت
یہ عظمت اُس کی بس خاموش رہنا

۳۷۴

جہاں میں عام راہوں سے عیاں ہو
نزاکت بھی اداؤں سے عیاں ہو
اگر اب نیک سیرت کو ہی لے لیں
حیاء اس کی نگاہوں سے عیاں ہو

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۷۵

کرم مجھ پر کرو یارو سنو پھر
مناسب ہو نہیں وہ بھی کہو پھر
پڑھو اشعار بس دوچار پہلے
مزا آئے اگر آگے بڑھو پھر

۳۷۶

وہاں روحانیت تو پھر کہاں ہے
یہاں روحانیت تو پھر کہاں ہے
اگر شرم و حیا غائب رہے گا
کہو اِنسانیت تو پھر کہاں ہے

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۷۷

دِکھا کر جو صنم مجھ کو دیا ہے
بڑی دولت قلم مجھ کو دیا ہے
رہی پیاری میری گلپوش وادی
یہاں جس نے جنم مجھ کو دیا ہے

۳۷۸

کہاں کِس نے فقط رومانیت کا
یہ دورہ دورہ ہو روحانیت کا
میری جو غرض غایت ہے یہی ہے
تحفظ ہو سدا انسانیت کا

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۷۹

چرندوں کا بھی ہونا ہے ضروری
دِرندوں کا بھی ہونا ہے ضروری
توازن میں رہے ماحول میرا
پرندوں کا بھی ہونا ہے ضروری

۳۸۰

جِئے آدم زمانے ہیں ہزاروں
مرے آدم بہانے ہیں ہزاروں
عیاں دُو چار دن کی زندگی میں
فسانے ہی فسانے ہیں ہزاروں

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۸۱

رواں اپنی جگہ آباد پہلو
زمانے کے جواں بے داد پہلو
بنی آدم کو وِرثے میں ملے جو
خوشی اور غم ہیں دو متضاد پہلو

۳۸۲

یہی دولت یہی بس دھن ہے میرا
یہ شعر و شاعری اِک فن ہے میرا
کبھی کوئی اگر ڈھونڈے بھی مجھ کو
خیالِستان میں مسکن ہے میرا

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۸۳

ندی نالوں میں خود بہتا نہیں ہے
مجھے کرنا ہے کیا کہتا نہیں ہے
میرے ہاں شوق سے آتا ہے پیسہ
مگر پھر جیب میں رہتا نہیں ہے

۳۸۴

جوں ہی آتا ہے یہ راہی جہاں میں
سکوں پاتا ہے یہ راہی جہاں میں
سُریلی ہو اگر آواز آتی
تو رُک جاتا ہے یہ راہی جہاں میں

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۸۵

بچھائے نہ اگر یہ جال ہونگے
پڑے مست جانور ہر سال ہونگے
جہاں جنگل میں کوئی شیر بھی ہو
وہاں رہتے ہرن خوشحال ہونگے

۳۸۶

مکمّل گھر گرہستی کا زمانہ
جوانی زورُومستی کا زمانہ
تھکا ماندہ بدن یہ سرد آئیں
بڑھاپا ہارُ پستی کا زمانہ

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۸۷

غریبوں کو رُلاتا ہے یہ پیسہ
امیروں کو کِھلاتا ہے یہ پیسہ
اگر چاہیے تو پھر خالصِ زہر کا
کبھی پیالہ پِلاتا ہے یہ پیسہ

۳۸۸

کسی سے کیا یہ کہتا ہے بچارہ
پڑے بارش تو بہتا ہے بچارہ
جہاں اِک شیر ہے جنگل کا راجا
وہاں چوہا بھی رہتا ہے بچارہ

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

۳۸۹

کسی سے نا بتاکر بھاگتا ہے
رواں سانسیں رُکاکر بھاگتا ہے
اگر نزدیک سے گُزرے گا مچھّر
تو ہاتھی دُم دبا کر بھاگتا ہے

۳۹۰

یہاں ناثرِ بھی ہے کوئی شہر میں
یہاں شاعر بھی ہے کوئی شہر میں
جہاں بیتاب ہیں کچھ دوست میرے
وہاں صآبرِ بھی ہے کوئی شہر میں

☆☆☆

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

چھپی کتابیں

۱/	ژاکھ کشمیری	۱۹۷۴ء
۲/	کتھ تاڕ	۱۹۷۸ء
۳/	تارکھ نب	۱۹۸۰ء
۴/	شرل	۱۹۸۱ء
۵/	زنخ	۱۹۸۳ء
۶/	لل دبد	۱۹۹۲ء
۷/	گُلقند	۱۹۹۷ء
۸/	خانۂ کوٗر	۱۹۹۷ء
۹/	Hundreds in one	۱۹۹۷ء
۱۰/	بشاست	۲۰۰۳ء
۱۱/	رُباعیات (اُردو)	۲۰۰۷ء
۱۲/	(بےنقطہ) کلام	۲۰۰۷ء

Ayab Sabir
R/o Wanbal Shankerpora
P.o.B.K.Poar-15 Kashmir.
CC-0: Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Digitized By eGangotri

CC-0. Kashmir Treasures Collection at Srinagar.

Printed at JK Offset Printers
315, Jama Masjid, Delhi-6